32واں اجلاس

خفیہ

ایوان میں پیش کئے جانے سے قبل اشاعت کی اجازت نہیں ہے

# صوبائی اسمبلی پنجاب

## بروز جمعتہ المبارک 04 جون 2021

## فہرست نشان زدہ سوالات اور جوابات

## بابت

## محکمہ آبپاشی

## بروز منگل 22 دسمبر 2020 کے ایجنڈا سے جناب سپیکر کے احکامات کی روشنی میں زیر التواء سوال

## سیالکوٹ: نالہ ڈیک پر بند کی تکمیل سے متعلقہ تفصیلات

*5451: **رانا محمد افضل**: کیا وزیر آبپاشی ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) کیا نالہ ڈیک سیالکوٹ پر بند کا کام مکمل ہو گیا ہے؟

(ب) اس بند کا تخمینہ لاگت کیا ہے۔

(ج) جو اراضی Acquire کی گئی کیا اس کا معاوضہ زمینداروں کو ادا کر دیا گیا اگر نہیں تو وجوہات سے آگاہ فرمائیں۔

(تاریخ وصولی 11 اگست 2020 تاریخ ترسیل 28 ستمبر 2020)

### جواب

**وزیر آبپاشی**

(الف) محکمہ ہذا نالہ ڈیک شر قپور تا ایم آر لنک تک چینلائزیشن کروا رہا ہے۔ اس پر کام جاری ہے۔ جو کہ جون 2021 تک مکمل ہو جائے گا۔

(ب) اس پروجیکٹ کی کل لاگت 6030.614 ملین روپے ہے۔

لاگت سول ورک 2814.511 ملین روپے ہے۔

لاگت لینڈ ایکوزیشن 3216.103 ملین روپے ہے۔

(ج) لینڈ ایکوزیشن کا کام جاری ہے۔ اب تک گورنمنٹ کی طرف سے مبلغ -/2535.066 ملین روپے وصول ہوئے ہیں جس میں سے مبلغ -/2534.659 لینڈ ایکوزیشن کلکٹر کینال اینڈ ڈرینج فیصل آباد کو ٹرانسفر کر دیئے گئے ہیں تا کہ زمینداران کو ادائیگی بمطابق ڈسٹرکٹ پرائس اسسمنٹ کمیٹی ہو سکے اور لاہور ہائی کورٹ لاہور کے فیصلے (Writ Petition No.11937/2010) کی روشنی میں مبلغ 0.407 ملین روپے محمد مشتاق کو ادائیگی کر دی گئی ہے۔ علاوہ ازیں 681.037 ملین روپے تا حال موصول نہیں ہوئے۔ جس دیہہ کا لینڈ ایکوزیشن پراسس مکمل ہوا ہے ان کے زمینداران کو ایکوائر شدہ زمین کی ادائیگی ہو چکی ہے۔ جو کہ مبلغ -/686.203 ملین روپے ہے جو کہ کل رقم کا 27.072 فیصد بنتا ہے۔ جبکہ باقی ماندہ دیہہ کی زمین کی ایکوزیشن، سیکشن-4 و سیکشن 6&(4)17 مختلف ڈپٹی کمشنرز آفس میں زیر غور ہے۔ جو کہ لینڈ ایکوزیشن کلکٹر کینال اینڈ ڈرینج فیصل آباد کی کاوشوں کی منتظر ہے۔ لینڈ ایکوزیشن پراسس مکمل ہونے پر زمینداران کو ان کی زمینوں کی ادائیگیاں بذریعہ لینڈ ایکوزیشن کلکٹر کینال اینڈ ڈرینج فیصل آباد ہو جائیں گی۔

(تاریخ وصولی 21 مئی 2021)

## بروز منگل 22 دسمبر 2020 کے ایجنڈا سے جناب سپیکر کے احکامات کی روشنی میں زیر التواء سوال

## ساہیوال: محکمہ آبپاشی کے ریسٹ ہاؤسز / بنگلے اور عمارتوں کی تعداد، اخراجات وآمدن سے متعلقہ تفصیلات

*5738: **جناب محمد ارشد ملک**: کیاوزیر آبپاشی ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) ضلع ساہیوال میں محکمہ آبپاشی کے زیر کنٹرول کتنے ریسٹ ہاؤس، بنگلے اور عمارتیں ہیں ان پر جنوری 2019 سے تاحال اخراجات کی تفصیل بتائیں نیزان سے ہونے والی آمدن سے بھی آگاہ فرمائیں؟

(ب) ان ریسٹ ہاؤسز / بنگلوں کارقبہ، کمروں کی تعداد اور وہاں تعینات عملہ کی تعداد کی تفصیلات بیان فرمائیں کیاان میں سے کچھ نیلام بھی کیے گئے تھے تو کب اور کتنی رقم وصول ہوئی۔ مکمل تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

(ج) ضلع ساہیوال شہر میں موجود ریسٹ ہاؤس کس کس مقصد کیلئے استعمال ہوتا ہے اوراس سے کون سے ادارے یاکس سطح کے آفیسر اور حکومتی شخصیات مستفید ہوتی ہیں مکمل تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔ کیا کوئی پرائیویٹ عوامی آدمی بھی ان سے استفادہ حاصل کر سکتا ہے اس بارے پالیسی سے متعلق آگاہ فرمائیں۔

(تاریخ وصولی 8 ستمبر 2020 تاریخ ترسیل 6 نومبر 2020)

### جواب

**وزیر آبپاشی**

(الف) ضلع ساہیوال میں محکمہ آبپاشی کے زیر کنٹرول 26 ریسٹ ہاؤسز / بنگلے، ایک عدد کیمپ آفس برائے چیف انجینئر ملتان زون ملتان اور تین عدد دفتری عمارتیں ہیں۔ ان پر جنوری 2019 سے تاحال اخراجات اور آمدن کی تفصیل ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ب) ان ریسٹ ہاؤسز / بنگلوں کارقبہ، کمروں کی تعداد اور وہاں تعنیات عملہ کی تفصیل ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔ 22 ریسٹ ہاؤسز کا رقبہ نیلامی کے لیے چیئر مین ضلعی پرائیویٹائزیشن کمیٹی ساہیوال کو دے رکھا ہے وہی اس کی نیلامی کرتے ہیں۔ نیلامی کی تفصیل ضلعی پرائیویٹائزیشن کمیٹی کے پاس ہے۔

(ج) ساہیوال شہر میں ایک عدد کیمپ آفس برائے چیف انجینئر ملتان زون ملتان موجود ہے۔ نہروں اور دریاؤں کی انسپکشن پر آئے ہوئے محکمہ انہار کے افسران عارضی طور پر اس کیمپ آفس میں قیام کرتے ہیں۔ نیز دیگر محکموں کے افسران، ججز، حکومتی / غیر حکومتی عہدیداران، ممبر صوبائی و قومی اسمبلی بھی اس کیمپ آفس سے عارضی طور پر مستفید ہوتے ہیں۔

لاہور **محمد خان بھٹی**

مورخہ 03 جون 2021 سیکرٹری

32واں اجلاس

خفیہ

ایوان میں پیش کئے جانے سے قبل اشاعت کی اجازت نہیں ہے

# صوبائی اسمبلی پنجاب

## بروز جمعتہ المبارک 04 جون 2021

## فہرست غیر نشان زدہ سوالات اور جوابات

## بابت

## محکمہ آبپاشی

## اریگیشن کے یونٹس سال 18-2016 کا ڈویلپمنٹ اور نان ڈویلپمنٹ بجٹ سے متعلقہ تفصیلات

**1190: چودھری مسعود احمد**: کیا وزیر آبپاشی ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) محکمہ اریگیشن کے تمام PMIU یونٹس کے سال 2016 تا 2018 کا نان ڈویلپمنٹ بجٹ کی تفصیل فراہم فرمائیں؟

(ب) سال 2016 تا 2018 کا ڈویلپمنٹ بجٹ کی تفصیل بھی الگ الگ فراہم فرمائیں۔

(تاریخ وصولی 10 ستمبر 2020 تاریخ ترسیل 11 نومبر 2020)

### جواب

**وزیر آبپاشی**

(الف) تفصیل ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ب) تفصیل ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 24 جنوری 2021)

## تحصیل ہارون آباد میں ہاکڑہ 3 کیو ون ایل آر کے موگہ نمبر 5 پر پرائیویٹ مشینیں نصب کرنے سے متعلقہ تفصیلات

**1255: محترمہ راحیلہ نعیم**: کیا وزیر آبپاشی ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) کیا یہ درست ہے کہ (ہارون آباد تحصیل) میں ہاکڑہ 3 کیو ون ایل آر نہر پر کل 5 موگہ جات ہیں؟

(ب) کیا یہ بھی درست ہے کہ پہلے 4 موگہ جات میں پانی آرہا ہے لیکن 5 نمبر موگے کا پانی مشین نیچے لگانے کی وجہ سے زمینوں میں نہیں جارہا ہے۔

(ج) کیا یہ بھی درست ہے کہ پہلے چار موگوں کے آراضی مالکان نے محکمہ کے افسران کی ملی بھگت سے سرکاری مشینیں نکال کر اپنی پرائیویٹ مشینیں نصب کرلی ہیں۔

(د) کیا یہ بھی درست ہے کہ پانچ نمبر موگہ پر تعینات MOAS, SDO,XEN کو بارہا مرتبہ درخواست کی ہے لیکن شنوائی نہیں ہوئی۔

(ہ) اگر جزہائے بالا کا جواب اثبات میں ہے تو کیا حکومت ان افسران اور عملہ کے خلاف کارروائی کرنے کا ارادہ رکھتی ہے اور پانچ نمبر موگہ کو چیک کرنے اور صحیح کرنے کا ارادہ رکھتی ہے تو کب تک نہیں تو وجوہات بیان فرمائی جائے۔

(تاریخ وصولی 28 اکتوبر 2020 تاریخ ترسیل 29 دسمبر 2020)

## جواب

### وزیر آبپاشی

(الف)ہاکڑہ نہر پر تحصیل ہارون آباد میں کوئی کیوون ایل آر نہر نہیں ہے البتہ صرف 3R/ 1R/ 1L نہر ہے جس کے کل 5 موگہ جات ہیں۔

(ب)نہر 3R/ 1R/ 1L کے تمام موگہ جات منظور شُدہ ڈیزائن کے مطابق نصب شُدہ ہیں۔ موگہ نمبر 4 اور 5 دونوں ٹیل کے موگہ جات ہیں اور ایک ہی جگہ نصب شُدہ ہیں۔ اگر موگہ نمبر 5 اپنے منظور شدہ ڈیزائن لیول سے نیچے ہوا تو اپنے حق سے زیادہ ڈسچارج / پانی لے گا جس سے موگہ نمبر 4 کی حق تلفی ہو گی۔

(ج)تمام موگہ جات عرصہ دراز سے اپنے منظور شُدہ سائز کے مطابق نصب شُدہ ہیں اگر کوئی موگہ Over Size ہو یا ٹوٹے تو محکمہ اس کے خلاف کارروائی کرتا ہے۔

(د)5 نمبر موگہ کے متعلق محکمہ میں کوئی درخواست زیر التواء نہ ہے اگر 5 نمبر موگہ کے متعلق کوئی درخواست محکمہ کو موصول ہوئی تو اس پر قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

(ہ)موگہ نمبر 5 اپنے منظور شُدہ سائز کے مطابق نصب ہے اور پانی پورا لے رہا ہے اگر کوئی بھی ملازم پانی چوری میں ملوث پایا گیا تو اس کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

(تاریخ وصولی جواب 24 جنوری 2021)

## پی پی 49 نارووال میں محکمہ آبپاشی کے ملازمین اور انہار کی دیکھ بھال کرنے سے متعلقہ تفصیلات

**1314: جناب بلال اکبر خاں:** کیا وزیر آبپاشی از راہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف)پی پی 49 نارووال میں محکمہ آبپاشی کے کون کون سے ملازمین کام کر رہے ہیں ان کو کیا کیا سہولیات میسر ہیں؟

(ب)اس حلقہ میں کون کون سے راجباہ، مائنز اور انہار میں ان کے نام مع منظور شدہ پانی کتنا کتنا ہے اور ان سے کتنے ایکڑ رقبہ سیر اب ہوتا ہے۔

(ج)ان کے لئے کتنی رقم مالی سال 21-2020 میں مختص کی گئی ہے اور ان سے ان کے کون کون سے کام کروائے جائیں گے۔

(د)ان کی بھل صفائی کب کروائی گئی تھی۔

(ہ)ان انہار کی دیکھ بھال کے لئے کتنے ملازمین کام کر رہے ہیں۔

(و) ان کے پاس ان کی وزٹ کے لئے کتنی گاڑیاں اور موٹر سائیکل وغیرہ ہیں۔

(تاریخ وصولی یکم فروری 2021 تاریخ ترسیل 22 مارچ 2021)

## جواب

### وزیر آبپاشی

(الف) ایک سب انجینئر، آٹھ بیلدار اور دو پٹواری کام کر رہے ہیں اور ان کو ماسوائے تنخواہ اور کوئی سہولت میسر نہ ہے۔

(ب) اس حلقہ میں 4 نہریں شامل ہیں جن کے نام، منظور شُدہ پانی اور سیراب کردہ رقبہ درج ذیل ہے۔

| نمبر شمار | نام نہر | ڈسچارج | رقبہ سیراب |
|---|---|---|---|
| 1 | بدو ملہی راجباہ | 165 کیوسک پانی | 12625 ایکڑ رقبہ |
| 2 | تلونڈی راجباہ | 140 کیوسک پانی | 15647 ایکڑ رقبہ |
| 3 | شمسہ راجباہ | 52 کیوسک پانی | 6118 ایکڑ رقبہ |
| 4 | بلووال مائنر | 24 کیوسک پانی | 3193 ایکڑ رقبہ |

(ج) ان نہروں کے لئے 17 لاکھ روپے کی رقم مختص کی گئی ہے۔ اس رقم سے نہروں کی بھل صفائی کی جائے گی۔

(د) سال 18-2017 کے دوران ان نہروں کی بھل صفائی کروائی گئی تھی۔

(ہ) ان انہار کی دیکھ بھال کے لئے 12 عدد ملازمین کام کر رہے ہیں۔

(و) ان ملازمین کے پاس کوئی گاڑی یا موٹر سائیکل نہ ہے۔

(تاریخ وصولی 05 مئی 2021)

## رحیم یار خان عباسیہ کینال سب ڈویژن میں نہروں پر ناجائز تجاوزات ہٹانے سے متعلقہ تفصیلات

**1344: چودھری مسعود احمد**: کیا وزیر آبپاشی از راہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) کیا محکمہ انہار عباسیہ کینال سب ڈویژن میں نہروں پر موجود ناجائز تجاوزات ہٹانے کا کوئی ارادہ رکھتا ہے اگر ہاں تو ناجائز تجاوزات کو ہٹانے میں کتنا عرصہ درکار ہے؟

(ب) وزیر اعظم پاکستان کے بار بار احکامات کے باوجود ڈھائی سال سے اب تک محکمہ انہار نے ناجائز تجاوزات کیوں ختم نہیں کی وجہ بتائیں۔

(تاریخ وصولی 30 مارچ 2021 تاریخ ترسیل 08 اپریل 2021)

## جواب

### وزیر آبپاشی

(الف) جی ہاں محکمہ انہار عباسیہ کینال سب ڈویژن میں نہروں پر موجود ناجائز تجاوزات ہٹانے کے لئے کارروائی کر رہا ہے۔ اس سلسلے میں ہدایات برائے فہرست ہٹائے جانے ناجائز قابضین دفتر ایگزیکٹو انجینئر احمد پور کینال ڈویژن کی چھٹی نمبر We-35-117

مورخہ 07.04.2021 کو سب ڈویژنل آفیسر عباسیہ کینال سب ڈویژن لیاقت پور کو ارسال کر دی گئی ہے اور اس کی کاپی اسسٹنٹ کمشنر لیاقت پور کو بھی بھیج دی گئی ہے۔ سب ڈویژنل آفیسر عباسیہ کینال سب ڈویژن لیاقت پور کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ اسسٹنٹ کمشنر لیاقت پور سے اس سلسلے میں رابطہ کریں اور ناجائز تجاوزات کو ہٹانے کے بارے میں ضروری اقدامات اُٹھائیں۔ اس ضمن میں سب ڈویژنل آفیسر عباسیہ کینال سب ڈویژن لیاقت پور کی جانب سے بذریعہ چھٹی نمبر 74-166 مورخہ 11.10.2018 چھٹی نمبر 15-313 مورخہ 16.10.2019 کو فہرست ناجائز قابضین بطرف اسسٹنٹ کمشنر لیاقت پور ارسال کی گئی ہے۔

(ب) محکمہ ہذا کے فیلڈ عملہ نے بارہا تحصیل و ضلعی انتظامیہ کو ناجائز تجاوزات کی فہرست فراہم کی ہے۔ اس سلسلے میں انتظامیہ سے رابطہ بھی کیا ہے کہ ناجائز تجاوزات کو ہٹانے کے لیے عملہ و تعاون فراہم کیا جائے۔ ضلعی انتظامیہ کی جانب سے عملہ و تعاون فراہم کرنے پر ناجائز قابضین کے خلاف آپریشن و تجاوزات ہٹائی جائیں گی۔ مزید برآں عباسیہ کینال سب ڈویژن لیاقت پور میں عملہ بہت کم ہے اور کافی لوگوں نے ریٹائرمنٹ لے لی ہے جس کی وجہ سے بہت ساری اسامیاں خالی پڑی ہیں۔ ان حالات میں تمام صورت حال کو دیکھتے ہوئے اور نہروں کو سنبھالنے کے ساتھ ساتھ ناجائز تجاوزات ہٹانے کی بھی کوشش جاری ہے اور وزیراعظم پاکستان کے احکامات کے مطابق موجود عملے سے ناجائز تجاوزات ختم کرنے کی کوشش جاری ہے۔

(تاریخ وصولی 05 مئی 2021)

لاہور

مورخہ 03 جون 2021

محمد خان بھٹی

سیکرٹری